No. of Printed Pages : 11

**MUD-007**

# M.A. (Urdu) (MAUD)

## Term-End Examination

## December, 2025

## MUD-007 : Urdu Nazm

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

---

۱۔ اردو نظم کی تعریف اور ارتقاء پر تفصیلی مضمون لکھئے۔





یا

نظیر اکبرآبادی کی حیات وخدمات بیان کیجیے اور ان کی نظم نگاری کی خصوصیات لکھیے۔

۲۔ الطاف حسین حالی کی حیات و خدمات بیان کرتے ہوئے ان کی نظم ''نشاط امید'' کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔

یا

اکبرالہ آبادی کی نظم نگاری کے فکری و فنی امتیازات پر سیر حاصل بحث کیجئے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۳۔ معین احسن جذبی کی حیات و خدمات اور ان کی نظم نگاری کی خصوصیات پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

یا

فیض احمد فیضؔ کی نظم نگاری کے امتیازات کی نشاندہی کرتے ہوئے ان کی نظم ''تنہائی'' کا تجزیہ کیجیے۔

۴۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

(الف)

قلّہ کوہ تھا چرخ بریں سے ہمراز
رکھتا تھا طولِ امل سے بھی سوا راہ دراز





تھی تو ظاہر میں بہت سخت چڑھائی اس کی
اور مسافت بھی کسی نے نہیں پائی اس کی
اس پہ چڑھنے سے مگر تنگ نہ جی ہوتے تھے
دم اُکھڑتے نہ تھے اور سینے قوی ہوتے تھے
گرچہ تھا پاؤں اُٹھانے کا نہ یارا دل کو
کوئی دیتا تھا مگر ایسا سہارا دل کو
عقل ہر چند یہ کہتی تھی کہ ہے درد بہت
دل یہ کہتا تھا کہ ہمت میں ہے مقدور بہت
جشن شاہانہ سامان نظر آتا تھا وہاں
سازِ عشرت کوئی در پردہ بجاتا تھا وہاں



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

دل اس آواز پہ اس طرح کھچے جاتے تھے

گویا ذرے سوئے خورشید اڑے جاتے تھے

اس طرف میرا دل زار بھی یوں آہ چلا

جیسے بلبل سوئے گُل کبک سوئے ماہ چلا

کاہ کی طرح سوئے کاہ رباء پہنچا میں

الغرض منزل مقصود پہ جا پہنچا میں

یا

(ب)

آہ ! اے میری کتابو ! میرے بچپن کی رفیق

عالِمس طفلی سے ہو تم میری غمخوار و رفیق





راحت و دل ہو تمہیں، آسائش جان ہو تمہیں

میری دنیا ہو تمہیں، اور میرا ایمان ہو تمہیں

شب کو تنہائی میں گھنٹوں لطف صحبت تم سے ہے

دن کو میرے خوشنما کمرے کی زینت تم سے ہے

قلب معطّر کے لیے سرمایۂ تسکین ہو تم

میز پر پھولوں کا اک گلدستۂ رنگین ہو تم

تم سے میں مانوس ہوں، مجھ سے محبت تم کو ہے

تم سے الفت مجھ کو ہے، مجھ سے الفت تم کو ہے

ہے عجیب دلکش تمہارا آہ! انداز سکوت

کنج خاموشی میں ہو تم میری ہمراز سکوت



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

دل میں یہ چبھتے ہوئے فقرے یہ تقریر خموش
تم پہ دیوانہ ہوں میں، تم ہو وہ تصویر خموش
نطق کے پھولوں میں یہ انداز رعنائی کہاں
یہ سکوت روح پرور، یہ مسیحائی کہاں
آہ! اے میری کتابو! مایۂ عقل و تمیز
کیوں نہ رکھوں میں تمہیں نقد و دل و جاں سے عزیز
تم غذائے روح ہو، تم صیقل اخلاق ہو
صفحۂ دانش پہ گویا جدول اخلاق ہو

۵۔ درج ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔





(الف)

تمتمائے ہوئے عارض پہ یہ اشکوں کی قطار
مجھ سے اس درجہ خفا آپ سے اتنی بیزار
میں نے کب تیری محبت سے کیا ہے انکار
مجھ کو اک لمحہ کبھی چین بھی آیا تجھ بن
عشق ہی ایک حقیقت تو نہیں ہے لیکن
زندگی صرف محبت تو نہیں ہے انجم
سوچ دنیا سے الگ بھاگ کے جائیں گے کہاں
اپنی جنت بھی بسائیں تو بسائیں گے کہاں
امن اس عالم افکار میں پائی گے کہاں
پھر زمانے سے نگاہوں کا چرانا کیسا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

عشق کی ضد میں فرائض کو بھلانا کیسا

زندگی صرف محبت تو نہیں ہے انجم

یا

(ب)

اگر اس گلشن ہستی میں ہونا ہی مقدر تھا

تو میں غنچوں کی مٹھی میں دل بلبل ہوا ہوتا

گناہوں میں ضرر ہوتا، دعاؤں میں اثر ہوتا

محبت کی نظر ہوتا، حسینوں کی ادا ہوتا

فروغ چہرہ محنت غبار دامن دولت

تم پیشانی غیرت خم زلف رسا ہوتا





ہوا ہوتا کسی دستار کج پر پھول کی طرح

اور اس دستار کج کی تمکنت پر ہنس رہا ہوتا

کسی مغرور کی گردن پہ ہوتا بوجھ احساں کا

کسی ظالم کے دل میں درد ہوکر لادوا ہوتا

کسی منعم کے چہرہ پر خوشی حاجت روائی کی

کسی نادار کی نظروں میں شرم التجا ہوتا

کسی بھٹکے ہوئے راہی کو دیتا دعوتِ منزل

بیاباں کی اندھیری شب میں جوگی کا دیا ہوتا

شرر بن کر کسی نادار گھر کے سرد چولھے میں

'بعد امید فردا' زیر خاکستر دبا ہوتا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

شکستہ جھونپڑے میں بانسری دہقاں کی بن کر
سکوت نیم شب میں راز ہستی کہہ رہا ہوتا
غرض اس حسرت واندوہ ویاس وغم کی بستی میں
کہیں درد آفریں ہوتا کہیں درد آشنا ہوتا

××××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com